## ایبٹ لیبارٹریز (پاکستان) لمیٹڈ

# اطلاع برائے سالانہ اجلاس عام

نوٹس ہذا کے ذریعے مطلع کیا جاتا ہے کہ ایبٹ لیبارٹریز (پاکستان) لمیٹڈ (کمپنی) کے ممبران کا ۷۳ واں سالانہ اجلاس عام 26 اپریل 2022 بروز منگل صبح 10:30 بجے بذریعہ وڈیولنک سہولت مندرجہ ذیل امور کی انجام دہی کے لئے منعقد ہوگا۔

**عام کارروائی**

1- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں کے ساتھ ڈائریکٹرز رپورٹ، آڈیٹرز رپورٹ اور چیئرمین کی جائزہ رپورٹ برائے سال مختتمہ مدت 31 دسمبر 2021 کی وصولی، غوروخوص اور منظوری

2- برائے سال مختتمہ مدت 31 دسمبر 2021 کے لئے 20.0 روپے فی حصص (200 فیصد) کے حساب سے منافع منقسمہ کی منظوری

3- اگلے سالانہ اجلاس عام تک کے لئے کمپنی کے آڈیٹرز EY فورڈ رہوڈز، چارٹرڈ اکاؤنٹنس کی کمپنی کے آڈیٹرز کی حیثیت سے دوبارہ تقرری اور ڈائریکٹران کو ان کا معاوضہ طے کرنے کے لئے مجاز بنانا۔

طبعی اجلاس کے انعقاد سے منسلک COVID-19 کی مسلسل جاری صورتحال سے ملحقہ خطرات کے پیش نظر، عوامی اجتماعات کے لیے قابل اطلاق SOPs کی تعمیل کو یقینی بنانے میں عملی مشکلات اور اجلاس کے شرکاء کی فلاح و بہبود یقینی بنانے کے لیے کمپنی بصری سالانہ اجلاس عام منعقد کرے گی اور ممبران کے لیے وڈیولنک کے ذریعے بغیر کسی رکاوٹ کے شرکت کے لیے مناسب انتظامات کیے گئے ہیں۔ وڈیولنک کے ذریعے سالانہ اجلاس عام میں شرکت کے لیے اراکین کو اپنا نام، فولیو نمبر، درست ای میل ایڈریس اور اپنی ملکیت میں حصص کی تعداد درج ذیل ای میل ایڈریس pk.shareholderquery@abbott.com پر فراہم کردیں۔ مطلوبہ تفصیلات کی فراہمی کے بعد ممبران/ پراکسیز کو وڈیولنک لاگ ان کی تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔

بحکم بورڈ

کراچی مورخہ 24 فروری 2022

**ہمایوں الطاف**
کمپنی سیکریٹری

**نوٹس:**

1- کمپنی کی حصص منتقلی کی کتابیں 19 اپریل 2022 سے 26 اپریل 2022 (بشمول دونوں دن) بند رہیں گی اور منافع منقسمہ ان ممبران کو ادا کیا جائے گا جن کا نام 18 اپریل 2022 کو ممبران کے رجسٹر میں درج ہوگا۔ ممبران (CDC کے بغیر) سے درخواست کی جاتی ہے کہ اگر ان کے پتے میں کوئی تبدیلی ہوئی ہے تو فوری طور پر کمپنی کے رجسٹرار کو مطلع کردیں اور اگر لاگو ہو تو زکوٰۃ کی عدم کٹوتی کے لئے CZ-50 فارم کمپنی رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ، F-8، ہوٹل فاران سے آگے، نرسری، بلاک 6، PECHS، شاہراہِ فیصل، کراچی کو فراہم کردیں جن کا فون نمبر 5-34380101-21-009، (Ext-103) 3-34384621-21-0092، فیکس نمبر 34380106-21-0092 ہے۔ وہ تمام ممبران جن کے حصص CDC کے ذریعے ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ اپنے حالیہ پتے اور زکوٰۃ کی نوعیت سے اپنے شرکاء کو مطلع کردیں۔

2- کمپنی کا وہ ممبر جو اجلاس میں حاضر ہونے اور ووٹ دینے کا حق رکھتا ہو وہ اپنی طرف سے اپنی جگہ پر حاضر ہونے، بولنے اور ووٹ دینے کے لئے پراکسی مقرر کرسکتا ہے۔ پراکسی کے موثر ہونے کے لئے ضروری ہے کہ کمپنی کے رجسٹرڈ آفس میں اجلاس سے 48 گھنٹے قبل موصول ہوجائے۔ اس مدت کا تخمینہ لگانے میں ایسا کوئی بھی یوم نہیں لیا جائے گا جو دفتری یوم نہ ہو۔ ایک پراکسی کے لئے کمپنی کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی اپنی شناخت اور/ یا تصدیق کے لئے اپنا اصل CNIC یا پاسپورٹ کی تفصیلات پیش کرے گا/ کرے گی۔

3- پراکسی فارم سالانہ رپورٹ کے ساتھ منسلک ہے۔

4- حصص یافتگان سے گزارش کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی سے فوری طور پر کمپنی کو مطلع کردیں۔

5- CDC کے کھاتے دار مزید سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے جاری کردہ سرکلر 1 مورخہ 26 جنوری 2000 میں دی گئی مندرجہ ذیل ہدایات کی پاسداری کریں گے۔

**6- AGM میں حاضری کے لئے**

(i) انفرادی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار اور/ یا وہ افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے تحت اپ لوڈ کردی گئی ہوں، وہ اپنی شناخت کے لئے اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ (CNIC) یا اصل پاسپورٹ اجلاس میں حاضر ہوتے وقت پیش کریں گے۔

(ii) کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختیار نامہ بمع نامزد فرد کے نمونہ دستخط اجلاس میں حاضری کے وقت پیش کئے جائیں گے (اگر پہلے پیش نہ کئے ہوں)

**7- پراکسی کی تقرری کے لئے**

(i) انفرادی صورت میں کھاتے دار یا ذیلی کھاتے دار اور/ یا وہ افراد جن کے حصص گروپ اکاؤنٹ میں ہوں اور ان کی رجسٹریشن کی تفصیلات ریگولیشنز کے تحت اپ لوڈ کردی گئی ہوں، وہ مندرجہ بالا ضرورت کے تحت اپنا پراکسی فارم پیش کریں گے۔

(ii) پراکسی فارم پر دو گواہان کے دستخط ہونگے جن کے نام، پتے اور CNIC نمبرز فارم پر درج کئے جائیں گے۔

(iii) انتفاعی مالکان اور پراکسی کی CNIC یا پاسپورٹ کی مصدقہ نقول پراکسی فارم کے ساتھ پیش کی جائے گی۔

(iv) پراکسی اپنا اصل CNIC یا اصل پاسپورٹ AGM میں حاضر ہوتے وقت اور/ یا تصدیق کے لئے پیش کرے گا/ کرے گی۔

(v) کارپوریٹ انٹیٹی کی صورت میں بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/ مختیار نامہ بمع نامزد فرد کے نمونہ دستخط (اگر پہلے پیش نہ کئے ہوں) اور/ یا تصدیق کے لئے پراکسی فارم کے ساتھ پیش کئے جائیں گے۔

**8- انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 150 کے تحت منافع منقسمہ سے وِدھ ہولڈنگ ٹیکس کٹوتی**

(i) فنانس ایکٹ 2019 کی شقیں جو کہ یکم جولائی 2019 سے نافذ العمل ہیں، کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس کے تحت منافع منقسمہ کی ادائیگیوں پر انکم ٹیکس کٹوتی کے نرخوں میں ترمیم کردی گئی جو کہ درج ذیل ہیں:

1- فعال ٹیکس دہندگان کے لئے ٹیکس کٹوتی کا نرخ 15 فیصد ہے

2- غیر فعال ٹیکس دہندگان کے لئے ٹیکس کٹوتی کا نرخ 30 فیصد ہے

حصص یافتگان جو کہ فائلرز ہیں ان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ منافع منقسمہ کی ادائیگی کے وقت ان کا نام FBR کی ویب سائٹ پر دستیاب فعال ٹیکس دہندگان کی حالیہ فہرست (ATL) میں موجود ہو، بصورت دیگر انہیں نان فائلر تصور کیا جائے گا اور ان کے منافع منقسمہ میں سے 15 فیصد کے بجائے 30 فیصد کٹوتی کرلی جائے گی۔

(ii) FBR کے سرکلر C.No.1 (29) WHT/2006 مورخہ 30 جون 2010 اور C. No.1 (43) DG (WHT)/2008-Vol. II66417-R مورخہ 12 مئی 2015 کے تحت انکم ٹیکس آرڈیننس کی دفعہ 150 (منافع منقسمہ کی رقم پر ٹیکس) تحت ٹیکس استثناء کے لئے استثنائی سرٹیفکیٹ لازمی ہے جہاں سیکنڈ شیڈول کے حصہ IV کی شق 47B میں آئینی استثناء دستیاب ہے۔ حصص یافتگان جو کہ مندرجہ بالا شق کے زمرے میں آتے ہوں اور آرڈیننس کی دفعہ 150 کے تحت استثناء چاہتے ہوں تو وہ لازمی طور پر ٹیکس استثنائی سرٹیفکیٹ ہمارے شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو کتابیں بند ہونے سے قبل فراہم کردیں بصورت دیگر لاگو نرخوں کے مطابق ٹیکس کٹوتی کرلی جائے گی۔

(iii) مزید برآں، فیڈرل بورڈ آف ریوینیو کی وضاحت کے مطابق مشترکہ کھاتوں کی صورت میں بنیادی حصص یافتہ کے ساتھ ساتھ مشترکہ کھاتے داروں کی 'فائلر/ نان فائلر' حیثیت کا تعین علیحدہ علیحدہ ان کی حصص داری کے تناسب کی بنیاد پر کیا جائے گا۔

اس سلسلے میں جن حصص یافتگان کے حصص مشترکہ طور پر ہیں ان سے درخواست کی جاتی ہے کہ بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتہ کی حصص داری کے تناسب کو ہمارے شیئر رجسٹرار کو تحریری طور پر درج ذیل انداز (اگر پہلے فراہم نہ کئے ہوں) میں فراہم کردیں:

| | | | بنیادی حصص یافتہ | | مشترکہ حصص یافتہ | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| کمپنی کا نام | فولیو/CDC اکاؤنٹ نمبر | کل حصص | نام اور CNIC نمبر | حصص داری کا تناسب (حصص کی تعداد) | نام اور CNIC نمبر | حصص داری کا تناسب (حصص کی تعداد) |

درکار معلومات شیئر رجسٹرار کو اس نوٹس کے 10 دن کے اندر لازمی فراہم کردیئے جائیں بصورت دیگر بنیادی حصص یافتہ اور مشترکہ حصص یافتگان کے حصص کو مساوی تصور کیا جائے گا۔

(iv) کسی استفسار/ مسئلہ/ معلومات کے لئے سرمایہ کار کمپنی اور/ یا شیئر رجسٹرار فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ سے فون نمبر 5-34380101-021 اور ای میل ایڈریس info.shares@famco.com.pk پر رابطہ کرسکتے ہیں۔

(v) کارپوریٹ حصص یافتگان جن کے CDC اکاؤنٹ ہیں ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ اپنا حالیہ قومی ٹیکس نمبر (NTN) متعلقہ شرکاء کو بتادیں جبکہ طبعی کارپوریٹ حصص یافتگان اپنے NTN سرٹیفکیٹ کی نقل کمپنی یا فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کردیں۔ حصص یافتگان اپنے NTN یا NTN سرٹیفکیٹ، جو بھی صورت ہو، اس پر کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر لازمی لکھیں۔

**9- آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور نوٹسوں کی برقی ترسیل**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے اپنے نوٹیفکیشن S.R.O. 787(I)/2014 مورخہ 8 ستمبر 2014 کے ذریعے کمپنیز کو آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے بمع سالانہ اجلاس عام کا نوٹس اپنے ممبران کو بذریعہ ای میل ترسیل کی اجازت دی ہے۔ لہٰذا ممبران سے درخواست ہے کہ آڈٹ شدہ مالیاتی گوشواروں اور نوٹس کی وصولی کے لئے اپنی رضامندی اور ای میل ایڈریس بذریعہ ای میل فراہم کردیں۔ اس سہولت سے استفادہ کے لئے ایک معیاری درخواست فارم کمپنی کی ویب سائٹ https://www.pk.abbott پر دستیاب ہے۔ برائے مہربانی نوٹ فرمائیں کہ سالانہ مالیاتی گوشواروں کی ڈاک کے بجائے بذریعہ ای میل وصولی اختیاری ہے، اگر آپ اس سہولت سے استفادہ نہیں کرنا چاہتے تو اس نوٹس کو نظر انداز کردیں۔ سالانہ مالیاتی گوشوارے عمومی طریقہ کار کے مطابق آپ کے رجسٹرڈ پتے پر بھیج دیئے جائیں گے۔

**10- نقد منافع منقسمہ کی برقی طریقے سے ادائیگی**

سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان (SECP) نے پہلے ہی اپنے خط نمبر SM/CDC/2008 (4)8 مورخہ 05 اپریل 2013 کے ذریعے ای ڈیویڈنڈ کے ایک نظام کا آغاز کیا ہے۔ کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 242 کے تحت بھی کوئی واجب الادا نقد منافع منقسمہ صرف برقی طریقہ کار کے مطابق بلاواسطہ اہل حصص یافتگان کے نامزد بینک اکاؤنٹ میں منتقل کیا جائے گا۔ لہٰذا کمپنی منافع منقسمہ کی رقم اپنے حصص یافتگان کو صرف برقی طریقے سے ادا کرسکے گی۔ لہٰذا حصص یافتگان کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ برقی طریقہ سے منافع منقسمہ کی وصولی کے لئے اپنے بینک مینڈیٹ کی درج ذیل تفصیلات فراہم کردیں:

(i) ٹائٹل آف اکاؤنٹ

(ii) اکاؤنٹ نمبر اور IBAN

(iii) بینک کا نام

(iv) برانچ کا نام، کوڈ اور پتہ جلد از جلد کمپنی کے شیئر رجسٹرار میسرز فیمکو ایسوسی ایٹس (پرائیویٹ) لمیٹڈ کو فراہم کردیں۔

**Abbott Laboratories (Pakistan) Ltd.**
Opp. Radio Pakistan Transmission Centre, Landhi, Karachi-74400

Abbott